(بغیر دستخط غلام نظام الدین تاجر کتب کے مال مسروقہ سمجھی جاویگی)

۷۸۶   بایعین

ہو اللہ الاحد اللہ الصمد

مجموعہ اعمال مجربہ سورہ قل ہو اللہ شریف

جس میں سورۂ اخلاص شریف کے اعمال مجربہ بامؤکل معہ طریقہ زکوٰۃ ہر قسم و اعمال مجربہ اللہ الصمد معہ طریقہ زکوٰۃ ہر کام کے واسطے و ترکیب صلوٰۃ التسبیح و نماز خضری و عمل چہل کاف شریف بامؤکل معہ طریقہ زکوٰۃ وغیرہ ہر کام کے واسطے از حضرت محبوب سبحانی شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی قدس سرہ العزیز درج ہیں

تصنیف لطیف عامل شہرۂ آفاق جناب مولانا مولوی عبد اللہ خان صاحب نقشبندی مجددی دہلوی رحمہ اللہ

حسب فرمایش خاکسار عاصی غلام نظام الدین تاجر کتب دریبہ کلاں دہلی

(اس کتاب کی رجسٹری حسب منشا ایکٹ ۲۵ سنہ ۱۸۶۷ء ہوئی ہر کوئی صاحب بلا اجازت قصد طبع نہ فرمائیں)

تعداد ۱۰۰۰ جلد   (مطبع مشہور جینت پریس دہلی)   بار سوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مناجات بدرگاہ مجیب الدعوات تصنیف محمد عبد اللہ خان احمدی نقشبندی مد

بصد شوق کرتا ہون اے حق دعا　　مجھے عشق نے اپنا تو اے خدا
کرون جان و مال اپنا تجھ پر نثار　　مرون اے خدا تجھ پہ ہو کر نثار
رہون محو الفت مین تیری مدام　　رہون غرق چاہت مین تیری دوام
محبت مجھے اپنی دے ذوالجلال　　عطا کر دے تو بوجہ احسن کمال
رہے مجھکو تیرا ہی ہر دم خیال　　رہے میری نظرون مین تیرا جمال
بجز تیرے آوے نظر کچھ نہین　　نظر آوے جلوہ تیرا ہر کہین
من و تو کا جھگڑا نہ باقی رہے　　دوئی کا یہ پردہ نہ باقی رہے
خدایا بوقت دم واپسین　　پڑھون کلمہ طیب کو مین بایقین
ہو وقت مرنے کے کچھ مری　　نہ ہووے پریشانی مجھکو ذری
نہین راز مخفی ہے تجھ سے مرا　　تو سب جانتا ہے کرون شرح کیا
گناہون کے مری نہین انتہا　　تو ستار و غفار ہے کبریا
مین بندہ ہون اور تو ہے بندہ نواز　　کرم سے مجھے جلد کر سرفراز

بہت تنگ ہون مگر شیطان سے
بچا کفر سے رکھیو ایمان سے

تیرا لطف حامی جو ہووے مرا
تو شیطان سے مجھکو اندیشہ کیا

نہ دنیا کی الفت نہ ہی کی ذری
محبت ہے تیری جان مین بھری

تجسس مین ہون تیری ای کبریا
مگر ہائے ملتا نہین ہے پتا

کہان پاون تجھکو بتادے مجھے
تو ملنے کا اپنے پتا دے مجھے

بہت جستجو تیری کی لیکن آہ
رسائی نہ تجھ تک ہوئی اے الٰہ

بھٹکتا ہون پھرتا ہر اک سمت کو
تجھے ڈھونڈھتا پھرتا ہون کو بکو

تو اب یون پریشان پھرا دربدر
دکھا جلوہ اپنا مجھے سر بسر

مجھے آپ سے آپ ملجائیے
مے وصل کا جام پلوائیے

محبت کا تیری مین بیمار ہون
تیری دید کا مین طلبگار ہون

اوٹھا درمیان سے حجاب دوئی
نگہہ مین نہ تیرے سوا ہو کوئی

نہین اب تو دوری کی طاقت مجھے
ستاتی نہایت ہے فرقت مجھے

تمنائے دل کچھ نہ پوری ہوئی
مری عمر برباد کیسے ہوئی

نہین میری نسبت تجھے یہ خیال
کہ ہے میری بیکس کا کیا خستہ حال

کرم مری مالک ذرا کیجئے
مجھے اپنے اوپر فدا کیجئے

فنا کیجئے پھر بقا کیجئے
سلوک و فقر بھی عطا کیجئے

حضوری مین اپنے جگہ دیجئے
مقرب مجھے اپنا کر لیجئے

مرے راز دل سے تو آگاہ ہے
نہین ہے حاجت شرح واللہ ہے

مرے دل مین گرچہ سمایا ہے تو
مگر ظاہرا مجھ سے چھپتا ہے تو

وہ لطف و کرم مجھپہ کر اے خدا
کہ جب آنکھ کی بند سب کچھ کھلا

ترقی پہ ای رب ہو کشف اسقدر
کہ ہر سمت قدرت کھلی سر بسر

حضوری قلب ایسے مجھکو ملی
کہ عقدے کھلین جس سے دارین کے

مقامات باطن کے ہین جسقدر
وہ طی ہووین سب یک بیک سربسر

فنادات مین اپنے کرے مجھے
جو کچھ ماسوا مجھ مین ہے سب مٹے

رہے دل ہر اک آن ذاکر مرا
یہی ذکر کرتا رہے بس اللہ کا

دعا بعد اسکی ہے میری یہی
قبول اسکو جلدی سے کرلے تو وہ

کہ ہووے نبی کی حضوری حصول
حضوری ہو حضرت کی پوری حصول

اجازت ہو آنے کی دربار مین
جگہ جائے مل انکی سرکار مین

نہین اسکے قابل ہون گو اے خدا
مگر تری رحمت ہے بے انتہا

تو ہے خاکسارون کا حامی سدا
اجابت کا در اپنے رکھتا ہے وا

سدا ہے کرم عاصیون پر ترا
سدا رحم ہے خاطیون پر تیرا

سو مین خاکسارون سے بھی خاکسار
زیادہ ہون اے میرے پروردگار

نہین تجھ سے پوشیدہ کچھ میرا راز
تو ہے میرا مالک ہے بندہ نواز

مجھے دے وہ توفیق اے ذوالجلال
کہ جس سے ہمیشہ رہون باکمال

مری اہل و اولاد کو شاد رکھ
انہین دین و دنیا مین آباد رکھ

ہر اک دوست کو مرے رکھ با ایمان
یہ ہے آبرو مال و ایمان و جان

گدا تری در کا ہون مین اے غنی
تجھی سے مجھے آس ہے یہ دلی

دعا عجز کی کر یہ فوراً قبول
کہ کر دستگیری بحق رسول

وہ کر دستگیری کہ جو خاص ہے
وہ بندہ نوازی کہ جو خاص ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلواۃ والسلام علی رسولہ الکریم و الہ واصحابہ اجمعین

اما بعد یہ خاکسار بدترین خلایق محمد عبداللہ خان عفی عنہ احمدی نقشبندی مجددی جملہ برادران اہل اسلام کی خدمت مین گذارش کرتا ہے کہ مین خواص اور اسناد اور فواید سورۂ اخلاص کے پیش کرتا ہون اسکے بعد اعمال بھی درج کرکے ہدیہ ناظرین کرونگا واضح ہو سورہ اخلاص کے نام سے محبت الفت ظاہر ہوتی ہے یہ سورت بہت محبت اور اخلاص اور بڑی بزرگی اور جلالت کی ہے اس سورہ موصوفہ مین ایک نام ذاتی اور دو نام صفاتی ہین اسم اللہ یہ نام حضرت معبود حقیقی جو خالق ارض سما کا ہے جسکی ذات جمیع صفات کمالیہ سے موصوف ہے اور تمام عیوب نقایص سے پاک ہے ایسے ہی اسم ذات بھی تمام کمالات سے پر ہے بڑے بڑے علما اور فضلا اور صوفیا کرام حیران ہین۔ ابو زید بلخی کا قول ہے اللہ لفظ سریانی ہے اور اور بعض علماء کرام عبرانی فرماتے ہین لیکن محققین اسکو لفظ عربی فرماتے ہین۔ میر سید شریف فرماتے ہین جسطرح اللہ تعالی کی ذات وصفات مین عقلین حیران ہین اسی طرح اسکی اسم ذات مین بھی سرگردان اور پریشان ہین گو اسکی ذات پاک کے انوار اور عظمت اور جلال کا عکس نام مین بھی ہے کا امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ و دیگر ائمہ عظام فرماتے ہین کہ اللہ لفظ

عربی ہے اور کسی دوسرے لفظ سے نہین بنا جیسے اسکی ذات۔ یا لم یلد
ولم یولد ہے اسی طرح سے اسکی نام پاک مین بھی کسی دوسرے لفظ کی شرکت نہین ہے
دوسرا نام اسی سورت مین احد ہے یہ توحید سے پر ہے اسکی لذت حضرت
بلال رضی اللہ علیہ کے حالات سے عیان ہے عیان را چہ بیان تیسرا نام
صمد ہے جسکے معنے ہین بے پرواہ سب اسکے محتاج ہین وہ کسی کا محتاج نہین ہے
اسکی بابت مین آیندہ تقریر اور تحریر کرونگا اور اسکے عمل بھی پیش کرون گا۔
اب سورہ اخلاص کی بابت تحریر کا آغاز ہے۔ اس سورہ شریف کا
شان نزول علماء دین در شرح متین یون فرماتے ہین کہ کفار ان
قریش نے حضور آقائے نعمت صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ اللہ
تعالیٰ کے حسب و نسب سے ہم کو آگاہ کیجیے چنانچہ حضرت جبرئیل علیہ السلام
سورہ اخلاص لیکر تشریف لائے اور عرض کیا یہ سورہ انکے سامنے پڑھ
دیجئے چنانچہ حضور نے قل ہو اللہ احد پڑھی سب اپنا سا منہ لیکر چلے گئے
شیخ جلال الدین سیوطی اپنے کتاب جامع مین لکھتے ہین جو شخص قل ہو
اللہ احد ایکبار پڑھے اسکو ثلث قرآن شریف کا ثواب ملتا ہے جو
کوئی قل ہو اللہ احد تین بار پڑھے گویا اس نے تمام قرآن شریف
پڑھا اور جو کوئی قل ہو اللہ احد گیارہ بار پڑھے تو حق تعالیٰ اسکے لئے
جنت مین ایک مکان بنواتا ہے۔ اور جو شخص قل ہو اللہ احد اکیس
بار پڑھے اسکے لئے حق تعالیٰ باغ جنت مین ایک قصر تیار کرلے گا
اور جو شخص سورہ اخلاص پچاس بار پڑھے حق تعالیٰ اسکے پچاس
برس کے گناہ بخش دیتا ہے جو کوئی سورہ اخلاص ایکسو ایکبار پڑھے
نماز مین خواہ بغیر نماز کے حق تعالیٰ اسکے لئے برأت دوزخ سے لکھدیتا ہے

جو کوئی سورہ اخلاص دوسو ایکبار پڑھے اللہ تعالیٰ اسکی صد سالہ گناہ بخش دیتا ہے جو شخص سورہ اخلاص کے مواظبت کرے گا۔ اسکو بجمیع خیر اور شرف و کرامت دنیا و آخرت کے اللہ تعالیٰ عطا فرماویگا

برائے قضائے حاجت

بعد نماز عشا اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف اور ایکہزار بار سورہ اخلاص پڑھے بعد یہ دعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ مَنْ لَمْ یَتَّخِذْ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ اَسْمَائِکَ الْعِظَامِ وَاَنْبِیَائِکَ الْکِرَامِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ خُدَّامَ ھٰذِہِ السُّوْرَۃِ الْعَظِیْمَۃِ عَبْدَکَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ وَعَبْدَکَ عَبْدَ الصَّمَدِ وَعَبْدَکَ عَبْدَ الْوَاحِدِ یَکُوْنَ لِیْ دَعْوَتَکَ عَلٰی قَضَاءِ حَوَائِجِیْ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْعَجَلَ اَلْوَحَا اَلْوَحَا اَلسَّاعَۃَ اَلسَّاعَۃَ بَارَکَ اللّٰہُ فِیْکُمْ وَعَلَیْکُمْ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

فرمایا جناب آقائے نعمت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص قبرستان مین گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھ آقائے نعمت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص قبرستان مین گیارہ بار سورہ اخلاص پڑھکر ثواب اموات کو بخشے تو اُس کو اجر بعدد اموات کے حاصل ہوگا

برائے حاجت

جو شخص سورہ اخلاص کو درمیان مغرب و عشا ایک ہزار بار پڑھے مگر اول آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار ضرور پڑھے پھر حق تعالیٰ سے اپنے حاجت طلب کرے اللہ تعالیٰ قبول فرماوے گا تا حصول مطلب چند روز تک پڑھے جاوے ناغہ نکرے

واسطے رہائی قیدی کے

اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف اور سورہ اخلاص ایک ہزار ایکبار روز پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ قید سے رہائی ہوگی

آزادی آتش دوزخ سے

جو شخص سورہ اخلاص سوا لاکھہ بار محض خدا واسطے پڑھے نہ مریگا جبتک اپنا مکان جنت میں دیکھہ نہ لے گا مرتے ہی داخل جنت ہوگا

برائے رفع حاجت

یہ نقش سورہ اخلاص

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۲۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

نقش سورہ اخلاص برائے حب اور حاجت کے واسطے لکھکر گلے میں ڈالے بفضلہ تعالیٰ مطلب دلی کو پہونچے گا

یہ نقش مثلث ہے

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

یہ ہے نقش سورہ اخلاص مربع ہے دونوں کی ایک ہی خاصیت ہے جو چاہے ان میں سے پکڑ لیوے

برائے ہر حاجت اور مشکلات کے واسطے

اس سورہ اخلاص کے ذکوۃ معہ موکلات ادا کر لیوے واسطے رفع حاجت کے اسکے موکل حاضر رہتے ہیں اور عمل حب میں بھی یہ سورت اکسیر اعظم کا حکم رکھتی ہے۔ ترک حیوانات کرے روزہ رکھے ہر روز چھہ ہزار بار پڑھے ... دن تک اسطرح پڑھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ وَعَزَمْتُ عَلَیْکُمْ اَجِبْ
یَا جِبْرَائِیْلُ یَا عِزْرَائِیْلُ بِحَقِّ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَجِبْ یَا
مِیْکَائِیْلُ یَا اِسْرَافِیْلُ بِحَقِّ اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَجِبْ یَا دَرْدَائِیْلُ
یَا طَاطَائِیْلُ بِحَقِّ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ اَجِبْ یَا عِزْرَائِیْلُ یَا
رَتْمَائِیْلُ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

برائے مخصوصیت

جو کوئی سورہ اخلاص دوامی وظیفہ مقرر کرکے پڑھے گا اللہ تعالیٰ کی مقرب بندوں میں ہوگا اور اس کا نقش مربع لکھکر اپنے پاس رکھے سب آفتوں سے محفوظ رہے گا کشتی مین سوار ہو امن مین رہے گا جنگل مین درندہ جانوروں کی گزند سے محفوظ رہے گا۔

عمل حب

بعد نماز مغرب کسی سے کلام نکرے اپنے مکان پر آکر خلوت مین ۱۱ عدد سیاہ مرچ لیکر اور کویلہ کی آگ جلا کر ہر ایک مرچ پر ۱۱ بار سورہ اخلاص معہ بسم اللہ پڑھکر کہے سوختم جان و دل فلان بن فلان اگر اپنے واسطے پڑھتا ہے تو کہے در محبت من دم کرکے آگ مین جلاتا جاوے۔ ۱۱ روز تک وقت پڑھنے کے تصور مطلوب کا رکھے ترک حیوانات جلالی وجمالی کرنا ہوگا اور اپنے ہاتھ سے روٹی پکانا ہوگی اور روٹی بلا نمک اور گیہوں کی کھانا ہوگی اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف پڑھے اگر تصور کامل رہا تو گیارہ روز کے اندر مطلوب حاضر ہوگا۔

برائے حاجت

تین بار صبح کو اور تین بار شام کو معہ اول آخر درود شریف کے پڑھا کرے بفضلہ تعالیٰ اُس کی سب حاجتین ادا ہوتی رہین گی -
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ اَحَدًا لَا تُسَلِّطْ عَلَیَّ اَحَدًا وَّ لَا تُحْوِجْنِیْ اِلٰی اَحَدٍ اَغْنِنِیْ یَا رَبِّ عَنْ کُلِّ اَحَدٍ بِفَضْلِ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ؕ

اِلٰھِیْ یَا مَنْ ھُوَ قَدِیْمٌ وَّیَا دَائِمٌ وَّیَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ اِقْضِ حَاجَتِیْ یَا فَرْدُ یَا صَمَدُ وَاَصَلِّ اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ؕ

کتاب احیار العلوم مین حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص جمعہ کی رات کو مغرب و عشار کے درمیان بارہ رکعت پڑہے ہر رکعت مین بعد فاتحہ اخلاص گیارہ بارہ پڑہے تو گویا اُس نے عبادت کی اللہ تعالیٰ کی بارہ برس اور اُسکے دن کو روزہ رکہا اور رات کو بیدار رہی کتاب احیار العلوم مین رافع ابن عمر سے روایت ہے چار رکعت نماز قبل جمعہ پڑہے ہر رکعت مین بعد فاتحہ اخلاص پچاس بار نہین نکلی گا دنیا سے یہانتک کہ دیکہیے مکان اپنا بیچ جنت کے اور دکہلایا جاوے گا سولے اسکے اور بہت کچہہ اسکو قبل نماز جمعہ چار رکعت پڑہے

ہر رکعت میں بعد فاتحہ اخلاص گیارہ بار بعد سلام کیا ننوبار لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑہے اللہ تعالیٰ ایمان اس کا مرنے تک قایم رکھیگا

استخارہ سورہ اخلاص

شب جمعہ کو اس سورہ اخلاص کو ۶۶ بار اور اللہ ۱۳۶۵ بار بعدہ ایک ہزار بار ماشاء اللہ اور ایک ہزار بار درود شریف پڑھکر سورہے ایک فرشتہ آوے گا جو کچھہ تیرے دل میں ہے اُس سے تجکو خبر دیگا اگر اُس شب جمعہ کو نہ آوے تو مداومت و مواظبت ہر جمعہ کو کیا کرے ضرور اللہ تعالے اُسکو خبر دیدے گا۔

ہر مہم کے واسطے

اول آخر درود شریف ۱۱ بار ایک ہزار بار اخلاص اس طرح سے قل ہو اللہ احد یا جبریل اللہ الصمد یا میکائیل لم یلد یا اسرافیل ولم یولد یا عزرائیل ولم یکن لہ کفواً احد ایاک نعبد و ایاک نستعین۔

ہر مشکلات کیواسطے

تین روز تک ترک حیوانات جزوی و کلی کرے جس امر کیواسطے پڑہے گا انشاء اللہ تعالیٰ مطلب دلی کو پہونچے گا۔ اول آخر ۱۱ بار درود شریف اول معہ تسمیہ قل ہو اللہ احد اجب یا جبرائیل ایک ہزار بار۔ دوسرے روز اللہ الصمد اجب یا اسرافیل ہزار بار تیسرے روز لم یلد ولم یولد اجب یا میکائیل چوتھی روز ولم یکن لہ کفواً احد اجب یا عزرائیل ہزار بار پڑھکر کہے انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی۔

حب

اول آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار قل ہو اللہ احد یا منان اللہ الصمد یا منان لم یلد

یاکریم ولم یولد یارحیم ولم یکن لہ کفواً احد یاعزیز۔ شروع ماہ شب پنجشنبہ یا شب
جمعہ سے پڑھے ۲۱ روز تک اول آگ کو بیرکی جلادے اور اکیس دانہ
مرچ سیاہ لیکر ہر دانہ پر ایکبار قل ہو اللہ موصوف پڑھکر دم کرے اور آگ
مین جلاتا جاوے مگر مطلوب کا دہیان دل مین قوی رکھے اس
درمیان مین ترک حیوانات ضروری ہے

دویم ترکیب اسے اخلاص مذکورہ بالا کی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل ہو اللہ احد یاحنان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اللہ الصمد یامنان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لم یلد یاکریم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
ولم یولد یارحیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ولم یکن لہ کفواً احد
یاعزیز دگیارہ سوبار درمیان سنت وتر عشا پڑھے اول آخر سوسو
بار درود شریف ہر حاجت کو حکم الکسیر کا رکھتی ہے اور محبت کیواسطے چاردن
نام کے عدد کے موافق قبل وتر تقصور مطلوب کے ساتھ پڑھے۔

دعوت سورۂ اخلاص برائے تسخیر موکلان

چار روز اول سے گوشت ترک کردے اور ایک وقت کہانا کہادے آغاز
ماہ روز پنجشنبہ سے شروع کرے یہ عمل پندرہ روز مین ہوگا تا حصول
عمل روٹی آرد گندم بلا نمک کہادے اور زمین پر سویا کرے صبح
کے وقت اسپند اور عود جلایا کرے ایکہزار بار سورہ اخلاص پڑھکر
دو رکعت نماز ادا کرے اور بعد اسکے پہر ایک ہزار بار اخلاص پڑھے
بعد ۲ بجے دن کے ایک ہزار بار اخلاص پڑھے۔ پہر شام کو ایک ہزار
بار اخلاص پڑھے۔ پہر آٹھ بجے رات کو ہزار بار اخلاص پڑھے

پہر بارہ بجے رات کو ایک ہزار بار اخلاص پڑھے اسطور سے
رات دن مین بعد ادائے نماز چھہ ہزار بار پڑھا کرے لیکن اسلیئے
اور عود برابر جلاتا رہے جب سو بار سورہ اخلاص پڑھ لیوے ایک بار
یہ اعتصام پڑھا کرے بسم اللہ الرحمن الرحیم اللّٰھم اجعلنی
من المخلصین بحرمت سورہ اخلاص و یسّرلی ما یلقیھا
من الخدام الشریفۃ والمذھب المطیلبۃ وصلی اللہ علی سیدنا
محمد وآلہ واصحابہ اجمعین چودہ روز تک اسطور سے
پڑھے پندرہوین روز جمعہ کو پندرہ ہزار بار اخلاص حسب طریق ہذا
پڑھکر صد بار یہ دعا پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم یا حنان انت
الذی رحمت کل شیء رحمۃ وعلما۔
بعدہ صد بار یہ دعا بسم اللہ الرحمن الرحیم اللّٰھم انی اسئلک
ان تسخرلی خدام ھذہ السورۃ الشریفۃ المقبولۃ۔
بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ اسکا موکل حاضر ہوگا اور اپنا نام ظاہر کریگا
اور فرمان برداری قبول کریگا اگر اسقدر تعداد مین حاضر نہین ہوا۔ ورد جاری
رہے کبھی ترک نکرے بفضلہ تعالیٰ ۴۵ روز مین ضرور ضرور حاضر ہوگا۔

نماز عجیب وغریب مجرب سورہ اخلاص شریف

ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
کہ اگر کسی کی کوئی حاجت بر نہ آتی ہو تو اس ترکیب سے چار رکعت نماز پڑھے
اور اللہ تعالےٰ سے اپنے مقصود کے لئے دعا کرے تو جو اسکی حاجت
ہوگی وہ پوری ہوجاوے گی اگر قرضدار ہوگا تو اللہ اسکا قرض ادا
کردے گا اور اگر فقیر ومفلس ہوگا تو اللہ اسکو غنی ومالدار کردے گا۔

اور اگر پردیس میں ہوگا تو اللہ اس کو گھر پہونچا دے گا اور اگر ایسا
گنہگار ہو کہ اسکی گناہ آسمان تک پہونچے ہوں یعنی بہت بڑا گنہگار
ہو تو استغفار کرنے سے اللہ اسکے گناہ معاف کر دے گا اور اگر
لاولد ہو اور اللہ سے اولاد مانگے تو اللہ اس کو اولاد دیگا غرض یہ
کہ جو دعا کرے گا اللہ تعالیٰ ضرور قبول کرے گا - ابن عباسؓ نے
فرمایا کہ تم لوگ اس نماز کو بیوقوفوں کو نہ سکھانا وہ ترکیب یہ ہے
کہ تازہ وضو کرکے ایسی جگہہ نماز کے لئے کھڑا ہو کہ کوئی اسکو نہ دیکھے
پھر چار رکعت کی نیت باندھے اور نماز شروع کرے پہلی رکعت
مین الحمد للہ پڑھکر سورۂ قل ہو اللہ گیارہ مرتبہ پڑھے دوسری رکعت
مین الحمد للہ کے بعد قل ہو اللہ اکیس مرتبہ پڑھے تیسری رکعت مین
سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص اکتیس مرتبہ پڑھے چوتھی رکعت
مین بعد فاتحہ کے قل ہو اللہ چالیس مرتبہ پڑھے بعد سلام پھیرنے کے
کسی سے کچھ بات چیت نہ کرے اور پچاس مرتبہ قل ہو اللہ پڑھے
اور پچاس مرتبہ درود شریف پڑھے اور پچاس مرتبہ استغفر اللہ پڑھے
اور پچاس مرتبہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم - پڑھے بعد اسکے
اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت چاہے اور نہایت عاجزی اور ادب کے ساتھ
ہاتھ اُٹھا کر دعا مانگے اور بعد دعا کے ہاتھونکو منھ پر پھیر لے جیسے
نمازوں کے بعد کرتے ہین تو انشاء اللہ مقصود حاصل ہوگا -

عمل عجیب وغریب مجرب برائے شفائے مریض

یہ عمل نہایت مجرب ہے کہ مریض کے شفایابی کے لئے سورۂ اخلاص مندرجہ
ذیل ترکیب کے ساتھ پاک صاف برتن مین لکھکر پانی سے دہو کر مریض کو

پلاوے خداوند کریم اس بیمار کو بہت جلد شفا و کلی عطا فرمائے گا۔
ترکیب یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قُلْ هُوَ اللّٰهُ لَسْتُدْ اَیْ وَاللّٰہُ
اَحَدٌ اَیْ وَاللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ اَیْ وَاللّٰہُ الصَّمَدُ اَیْ
وَاللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ اَیْ اللّٰہ لَمْ یَلِدْ اَیْ وَاللّٰہِ لَمْ
یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ اَیْ وَاللّٰہ لَمْ یُوْلَدْ اَیْ وَاللّٰہ لَمْ یُوْلَدْ وَ
لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اَیْ وَاللّٰہِ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ
ہر متقی پرہیزگار کو اس کے عمل کی اجازت دی گئی جس کا جی چاہے یہ عمل کرے

اعمال مجربہ اللہ الصمد شریف

ارشاد فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص ہر روز چاشت کے وقت یا صمد کا ورد رکھے وہ اپنے بقیہ عمر تک غلبہ گرسنگی سے امین رہے گا۔

طریقہ زکات اللہ الصمد معہ موکل

اللہ الصمد اجب یا اسرافیل یا دردائیل۔ اللہ الصمد جلالی ہے
اسکے موکل سخت مزاج کے ہیں اور دعوت بغیر ادا کئے لطف اسکے پڑھنے
کا نہیں ہاں زکات دئیے بعد اسکے ہر دو موکل اپنے عامل کے
مطیع اور فرمانبردار ہو جاتے ہیں درمیان زکات کے احتیاط ہر طرح
کی رکھنا چاہئے۔ خورد و نوش اور پاکی و صفائی ضروری لازم ہے۔
ایک شخص نے اللہ الصمد کی زکات ادا کی لیکن اُسے زکات کے سلسلہ
میں اُسکو رجعت ہو گئی اُسکو اپنے تن بدن کا ہوش نہیں رہا جنگل جنگل
کہتا پھرتا تھا اللہ الصمد اور تیر اشتہ چند ماہ اسی حال میں گذر گئے۔ اتفاق
سے ایک اللہ والے کا گذر ہو گیا انہیں نے اُسکی حالات خراب دیکھے

معلوم کیا اسکو رجعت ہو گئی اسکو سامنے بٹھلا کر کچھ پڑھکر دم لیا
اور کہا کیون اس بیچارہ غریب کو تکلیف دے رکھی ہے موکل نے کہا
اس کا منہ اور اللہ الصمد ہم اسکو جان سے مارین گے کہا انسان سے
خطا ہو ہی جاتی ہے اسکو معاف کرین میری خاطر کیجئے کہا خیر آپ کی
خاطر منظور ہے چنانچہ اسکو آرام ہو گیا پھر جہان کسی نے اسکے سامنے
اللہ الصمد کہا ڈر کر بھاگتا تھا لہذا مین رجعت کے انتظام کے واسطے
ایک درود شریف لکھتا ہون بہر شوق سے ہر صاحب اہل ہمت اسکی
زکات دین انشاء اللہ تعالیٰ بہ برکت درود شریف وبطفیل آقا نعمت
صلی اللہ علیہ وسلم اسکو رجعت نہین ہوگی حضور انور کی تو عجب شان
خدا تعالیٰ نے بنائی ہے اُن کے غلامان غلام کے یہ موکل ایسے خادم ہو جاتے
ہین کہ ہر وقت دست بستہ موجود رہتے ہین جہان کوئی حکم دیا فوراً تعمیل
کرتے ہین۔ زکات دہندہ کو لازم ہے صبح اور شام کو اس درود شریف کو
گیارہ سو گیارہ بار پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اُسکو رجعت نہین ہوگی
مگر درمیان زکات مین اس کا ناغہ نکرے اگر کسی کو رجعت ہو گئی ہے
وہ بھی ایسا کرے۔ اگر اُس مین اسقدر ہوش نہین ہے تو کوئی اُسکا عزیز یہ
درود شریف دونون وقت پڑھکر دم کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن
حد چالیسوین دن آرام ہوگا ذرا بھی آثار رجعت کے نہ رہین گے۔
درود شریف یہ ہے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا
مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ۔ لہذا زکات اللہ الصمد
لکھتا ہون اوّل سوا لاکھ بار نذر اللہ پڑھے دوم سوا لاکھ بار پڑھکر ہدیہ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی کرے سویم سوا لاکھ بار اصحاب کبار

داخل بیت اطہار و شہیدان کربلا و دردانہ امام و جناب سلطان الاولیا
حضرت پیران پیر دستگیر - و آفتاب ہند خواجہ معین الدین چشتی و ہمہ
اولیاء و ہمہ پیران قادریہ و چشتیہ و نقشبندیہ و سہروردیہ و ہمہ استادان کو بخشے
چہارم سوا لاکھ بار جمیع مسلمان کو بخشے تاکہ سب کام دینی و دنیوی حاصل ہو
اور مرتبہ ولایت مین پہونچے کُل پانچ لاکھ بار کے پڑھائی ہے پھر جہان
نظر کرو وہ بھی کیمیا ہو گی جو کچھ دل مین ہو گا جلد حاصل ہو گا یہ اسم بھی اسم
اعظم ہے جب پانچون لاکھ بار پڑھ چکے بحضور خداوند تعالیٰ عرض کرے
یا اللہ یہ جو کچھ مینے پڑھا ہے اسکو قبول فرما اور جمیع حاجات دینی و دنیاوی
میری بر لا - بعدہ ہر روز ۶۴ بار پڑھا کرے تاکہ زکات فاسد نہ ہو جاوے

برائے حاجت

بعد نماز مغرب کسی سے کلام نکرے اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف اور
گیارہ سو گیارہ بار یا صمد پڑھے اگر دوامی وظیفہ مقرر کرلیوے تو علاوہ
حاجت روائی کے فتوحات ہوتی رہین گے -

برائے شفاء مریض

یا اللہ باوضو قبلہ رو تصور مریض کا رکھے ہر روز ایک ہزار بار
پڑھا کرے اور کبھی ناغہ نکرے سوا لاکھ پورے کردے ہر امراض
کے واسطے بعدد تعویذ پلاوے بفضلہ تعالیٰ فائدہ ہو گا -

برائے فتوحات یا دست غیب

اول بطور زکات کے گیارہ ہزار بار اللہ الصمد اجیب یا عزرائیل یا
دردائیل یا مددکائیل پڑھکر ہر روز گیارہ تسبیح پڑھا کرے چند

چلون مین فتوحات ہوگی۔

تسخیر عام

اللہ الصمد اجیب یا اسرافیل یا دردائیل۔اس کی زکات چار لاکھ اسی ہزار بار ہے ہر روز بارہ ہزار بار پڑھا کرے بعد زکات کے ۶۳۰ بار روز پڑھا کرے ترک حیوانات ضرور ہی اسکے موکل حاضر ہونگے

براۓ حصول کیمیا بعد زکات

جنگل مین جاکر پانچ روز تک ہفت ہزار بار السمیر الصمد پڑھا کرے معہ اول آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار ضرور ہی ایک بزرگ غیب سے ظاہر ہوکر اس کو سب علم کیمیا سکہلا دیوین گے۔

براۓ کشایش رزق وادائے قرض

بعد نماز صبح سو بار اللہ الصمد معہ اول آخر درود شریف ۱۱-۱۱ بار پڑھا کرے اللہ تعالی اُسکا رزق کشادہ کرے گا اور قرض اُسکا ادا ہوگا۔

براۓ صحت بیمار

تین روز تک ہر روز ہزار بار اللہ الصمد پڑھ کر مریض پر دم کیا کرے انشاءاللہ تعالی اُس کی بیماری دور ہو گی۔

براۓ دشمن

اگر چاہے دشمن بیمار ہو جاوے یا مر جاوے تین روز تک کسی قبر کی پائیتی کے قریب بیٹھ کر ایک ہزار بار اللہ الصمد پڑھا کرے باذن اللہ تعالی دشمن ضرور بیمار ہوگا۔

واسطے تسخیر کرنے محبوب امرا بعد زکات

اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف اور ایک ہزار اللہ الصمد بیس روز تک پڑہا کرے تصور مطلوب کا رکہے۔

اور جو کسی کو منظور ہو کہ خزانہ غیب ظاہر ہو بعد زکات

پانچ روز تک ہر روز شب مین دس ہزار بار اللہ الصمد پڑہا کرے معہ موکل پڑہے خزانہ غیب معلوم ہوگا یا ایک بزرگ خواب مین آکر مطلع کرین گے کہ فلان جگہ خزانہ ہے۔

برائے سیر عجائب

شب دوشنبہ سے شب جمعہ تک ہر رات پانچ ہزار بار اللہ الصمد معہ اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف پڑہے اسکے چند روز مداومت کرے تو بفضلہ تعالےٰ عجیبات کی سیر اور جلوہ نظر آنے لگے گا اور درجہ ولایت پر پہونچے گا اور بفضلہ تعالیٰ مجلس رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم بھی نصیب ہوگی

برائے حاجت

بعد نماز صبح اور وقت خواب اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف یکہزار بار اللہ الصمد پڑہکر دعا کیا کرے اللہ تعالیٰ اسکی مشکل یا جو کچہہ حاجت ہوگی قبول فرمادیگا

برائے رفع رنج

بعد نماز صبح معہ اول آخر درود شریف کے ایک صد بار اللہ الصمد پڑہا کرے کبھی رنج نہ دیکہے گا اور ایمان اُس کا سلامت رہے گا

برائے قایم رہنے ایمان

فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بعد نماز اللہ الصمد
سو بار پڑھا کرے اُس کا ایمان سلب نہیں ہوگا۔

برائے مشاہدہ جمال اللہ تعالےٰ

اللہ الصمد وقت تہجد کثرت سے پڑھا کرے انشاء اللہ تعالی جمال
جہان آرا خداوندی نصیب ہوگا۔

برائے تسخیر جن وانس بعد زکات

بروز اتوار بعد نماز صبح ایک ہفتہ تک تین ہزار بار اللہ الصمد معہ اول آخر ۱۱
بار درود شریف کی پڑھا کرے جسکو چاہے مطیع ہوگا اور فرمانبرداری کرے گا

برائے بخت بستہ

اللہ الصمد لوبان پر سو بار پڑھکر دم کرے اور آگے بخت بستہ کے جلاوے
انشاء اللہ تعالی نصیب بستہ کشادہ ہوگا۔

برائے حاجت

اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف اور پانصد بار اللہ الصمدی - خذ یکہ چالیس روز
تک گیارہ سو گیارہ بار پڑھا کرے انشاء اللہ تعالی حاجت روا ہوگی۔

برائے بخت بستہ کرنے کے

اللہ الصمد ایک کاغذ پر لکھکر نام اس کا اور اُسکے ماں کا لکھکر زمین میں
دفن کر دے بخت بستہ ہو جاوے گا۔

حاجت ضروریہ کیواسطے

عروج ماہ میں اول سہ شنبہ کو غسل کرے اور جامہ پاک پہنے قبل از
نماز مغرب یہ غسل ہوگا۔ یعنے پارچہ باندھ کر غسل کرے بعد غسل اندر
حجرہ کے چلا جاوے بعد نماز مغرب اول دو رکعت نفل خالصاً للہ پڑھے

اس نماز میں بعد فاتحہ ہر رکعت میں ہفت ہفت بار سورہ اخلاص
پڑھے بعد سلام ہدیہ ثواب ہر دو رکعت کا بحضور سرور عالم فخر آدم
صلی اللہ علیہ وسلم معہ اصحاب کبار و اہل بیت اطہار و شہیدان
کربلا و دوازدہ امام و جناب سلطان الاولیا حضرت پیران پیر دستگیر
و آفتاب ہند خواجہ معین چشتی و ہمہ اولیا و ہمہ پیران قادریہ و
چشتیہ و نقشبندیہ و سہروردیہ و ہمہ استادان بخشے بعدہ گیارہ بار
درود شریف پڑھکر اس طرح سے اللہ الصمد پڑھے بسم اللہ الرحمن الرحیم
قل ہو اللہ احد اللہ الصمد صد بار پڑھے بعدہ قل ہو اللہ کو ختم کرے
اب یہ شب چہار شنبہ ہے اکیس ہزار بار پڑھے اگر کچھ رات باقی رہے
سو جاوے بعدہ بعد نماز صبح ہمیں طور اکیس ہزار بار روز چہار شنبہ
کو پڑھے۔ ہمیں طور شب پنجشنبہ کو اکیس ہزار بار روز جمعہ کو اکیس ہزار بار
روز جمعہ کو اکیس ہزار بار عمل تمام ہوا۔ لیکن جمعہ کو حجرہ سے باہر نہ آوے
اور نہ کسی سے کلام کرے از آغاز تا اختتام ہر سہ روز روزہ رکھے
نان بلا نمک یا ستو بلا آمیزش شکر و نمک کے کہا کرے روز جمعہ بعد
نماز مغرب حجرہ سے باہر آوے اس روز بھی بلا نمک کہاوے بعدہ
بروز شنبہ چاول کہانڈ ڈالکر پکاوے اوس میں دودھ ڈالے اول
فاتحہ دیکر نصف کسی مسکین کو دیدے در نصف خود کہاوے مگر گوشت
بعد تین روز کے کہاوے بعدہ یعنہ گیارہ سو گیارہ بار پڑھا کرے
اس کا عامل رہے گا عجایب غرائب مشاہدہ ہوتے رہیں گے۔
حجرہ اول سے پاک صاف کر لیوے۔

ہمہ حاجات و فتوحات

اول آخر ۱۱-۱۱ بار درود شریف پانصد بار اللہ الصمد صلی اللہ علیک وسلواۃ والسلام علیک یا حبیب اللہ ایکبار پڑھکر اکیس بار حسبی اللہ نعم الوکیل یہ ایکبار ہوا اس طرح سے پانصد بار اللہ الصمد پڑھے بعد نماز عشا پڑھا کرے اگر گیارہ تسبیح پڑھے تو بہت ہی مفید ہو۔

تمت

رسالہ چہل کاف از حضرت پیران پیر غوث الاعظم شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی قدس سرہ العزیز

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ رسالہ ایک بہت بڑے بزرگ کی پرانی کتاب سے اخذ کر کے لکھا گیا ہے حضرت پیران پیر غوث الاعظم شیخ محی الدین عبد القادر جیلانی قدس سرہ العزیز سے منقول ہے کہ اگر کوئی شخص اسماے چہل کاف کی ذکوۃ دیکر عمل مین لاوے تو اس سے دین دنیا کا ہر قسم کا فایدہ حاصل ہوسکتا ہے مگر شرائط اعمال کا پورا خیال رکھنا از حد ضرور ہے اور وہ شرایط اعمال یہ ہین۔

شرایط اعمال چہل کاف شریف

ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے۔ مباشرت منکوحہ ترک کرے۔ ہر روز بلاناغہ پاک پانی سے غسل کرے۔ کپڑے پاک وصاف سفید پہنے اگر ممکن ہو تو روزانہ بدل ڈالے ورنہ ہفتہ مین بدلے خوشبو ودر لگاوے۔ ہر وقت باوضو وباطہارت رہے۔ جھوٹ نہ بولے اور بغیر ضرورت کے بات نہ کرے زمین پر سووے۔

تنہا پاک صاف مکان مین رہے۔ نماز فریضہ کا پابند رہے اگر

کوئی مسجد قریب ہو تو جماعت کا پابند رہے - روزمرہ حسب حیثیت
خدا واسطے کچھہ خیرات کیا کرے - چند پرندہ جانور خرید کر اپنے پر سے
صدقہ کر کے چہوڑ دیا کرے نیت و اعتقاد درست رکھے - مذبذب
مین نہ رہے - اور قبولیت دعا و عمل مین شک ہرگز نہ لاوے -
انشاءاللہ ضرور کامیاب ہو گا -

ترکیب زکوۃ اعمال چہل کاف شریف

تنہا ایک ہی جگہ ایک ہی مصلے پر چالیس روز تک بلا ناغہ ایکہزار بار
روزانہ پڑہا کرے ناغہ ہرگز نہ ہونے دین اگر مجبوراً کسی سبب سے ناغہ
ہوجاوے تو پہر از سر نو شروع کرین تو چند ہی شب جمعہ سے عمل شروع کرین
عمل پڑہنے سے پہلی دو رکعت نماز نفل روز پڑہ لیا کرے اور عشا کی
نماز کے بعد ایک وقت مقررہ پر روز پڑہا کرین عمل شروع کرنے یعنی
پڑہنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف اول و گیارہ مرتبہ آخر
درود شریف پڑہنا چاہیئے اور دعا بڑی دیر تک بڑی خضوع و خشوع
سے مانگنی چاہیئے اور پہر کسی سے بغیر بات کئے سو جانا چاہیئے جو
عجائبات خواب مین یا بیداری مین نظر آوین اُسکو سوائے مرشد
یا کسی بزرگ دردمند نیک دل کے سوائے کسی سے ذکر نہ کرین
اثنائے عمل مین خوب یا بیداری مین خوفناک صورتین نظر آوین تو ڈرے
نہین اور اگر وہ لوگ بولانا چاہین تو بولے نہین جب چلہ پورا ختم ہو
جاوے تو اکتالیس بار روزمرہ بعد نماز مغرب یا عشا یا فجر کی ضرور
پڑہتے رہو اس کے بعد جس مطلب کے واسطے پڑہے گا بفضلہ تعالیٰ پورا

ہوگا پس یہی اسکی زکوۃ ہے اسکے چالیس فائدہ مین جو نیچے لکھے جلتے ہین۔

خواص و اعمال چہل کاف شریف

برائے برکت غلہ۔ چہل کاف شریف کو کاغذ پر لکھہ کر ذخیرہ غلہ مین رکھے انشاءاللہ بہت برکت ہوگی۔

برائے دفع امراض ہر قسم سات مرتبہ سات روز تک جس مین مریض پر پڑھکر پہونکے اور تعویذ بنا کر بازو پر باندہے انشاءاللہ فائدہ ہوگا۔

برائے رہائی عذاب دوزخ جو شخص چہل کاف شریف کا درود ہمیشہ رکہے عذاب دوزخ سے رہائی پاوے گا۔

برائے دفع سنگرہنی و ضعف معدہ جو کوئی چہل کاف شریف کو لکھکر نہار منہ کہاوے عارضہ مذکورہ سے رہائی پاوے۔

برائے مرد بستہ جس کسیکی مردمی باندہ دی ہو اسکی بار پر چہل کاف شریف یونہی لکھدے یعنی جسم پر انشاءاللہ مردمی کشادہ ہو جاوے گی۔

برائے عورت آسیب زدہ جس کسی عورت کو آسیب کا خلل ہو اور قے آتی ہو اس کو چہل کاف شریف سات مرتبہ پڑھکر پہول سونگہاوے انشاءاللہ تعالی آسیب دور ہوگا اور قے نہ آوے گی۔

برائے ادائے گی قرض جو کوئی قرض دار ہو اور اس کا قرض کسی طرح ادا نہ ہو سکتا ہو اسکو چاہئیے کہ غسل کرکے ۱۲ بار روز چہل کاف شریف پڑہا کرے انشاءاللہ چند روز مین قرض ادا ہو جائے گا۔

ہر قسمے درد کو جو کوئی شخص روٹی پر پہونک کر چہل کاف شریف کو کہاوے انشاءاللہ درد کبھی اسکے نہ ہوے اور جو ہووے تو جاتا رہے۔

۹ برائے بہتری ہر قسم اس کا تعویذ لکھہ کر بازو پہ ہر وقت بندھا رکھو۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح ہر امر مین کامیاب رہو گے۔

۱۰ چاردن طرف پڑھکر چہل کاف شریف پھونکے انشاء اللہ لونڈی غلام بھاگا ہوا آجاوے۔

۱۱ برائے درد شکم و درد کمر چہل کاف شریف لکھکر اور تعویذ بنا کر کمر مین باندہے انشاء اللہ درد شکم و درد کمر جاتا رہیگا۔

۱۲ برائے ثواب عظیم صبح و شام چہل کاف شریف کے ورد رکھنے سے ثواب عظیم ملتا ہے۔

۱۳ برائے تسخیر عامہ حریر کے کپڑے پر لکھکر بازو پر باندہے چہل کاف شریف تو محبوب خلایق ہو۔

۱۴ برائے حاضر کردن پریان شب جمعہ کو جنگل مین کسی خالی مکان مین ۴۰ بار پڑہے پریان حاضر ہونگی۔

۱۵ برائے مہربان کردن حاکم ظالم سات مرتبہ چہل کاف شریف پڑھکر اپنے پر دم کرکے حاکم ظالم کے روبرو جاوے انشاء اللہ مہربان ہوگا۔

۱۶ برائے تابعدار کردن محبوب کبوتر کے خون سے لکھہ کر جس کو چاہتا ہو اُسکے گھر مین گاڑدے انشاء اللہ وہ مہربان ہوگا۔ بلکہ تابعدار۔

۱۷ برائے عداوت و نفاق کھاری نمک پر پڑھکر سات مرتبہ جسکے گھر مین ڈالدے اُس گھر مین روز بروز نفاق و علاوت بڑہیگی مگر ایسا کرنا ٹھیک نہین کرنیوالے کو کسی دوسری طرح اسکی سزا ملتی۔

۱۸ برائے تپے لرزہ چہل کاف شریف لکھکر اور تعویذ بنا کر تپ لرزہ والے کی بازو پہ باندہو انشاء اللہ تعالیٰ تپ ولرزہ دور ہوگا۔

اگر کوئی شخص راستہ بھول گیا ہو تو اسکو چاہیے سات مرتبہ چہل کاف
شریف پڑہے انشاء اللہ راستہ مل جاوے گا۔

۲۰ برائے رفع سرخی چشم جس کسیکی آنکھون سے سرخی بیماری کے بعد نہ جاتی ہو
اوسپر چہل کاف شریف پڑہکر سات مرتبہ دم کرو انشاء اللہ سرخی جاتی رہیگی

۲۱ برائے زیادتی بال سر۔ سات مرتبہ چہل کاف شریف پڑہکر کنگہی پر دم کرکے
سر مین کنگہی کرو انشاء اللہ بال کے سر زیادہ ہونگے اور لمبے ہونگے

۲۲ برائے آسیب زدہ جس کسیکو آسیب کا خلل ہو اسکے تمام بدن پر چہل کاف
شریف کڑوے تیل پر سات مرتبہ پڑہکر وہ تیل ملین انشاء اللہ آسیب زدہ دور ہوگا

۲۳ برائے درد سر چہل کاف شریف لکھکر اور اسکا تعویذ بنا کر سر مین باندہے
انشاء اللہ درد سر دفع ہوگا۔

۲۴ برائے زیادتی روشنی چشم شب جمعہ کو پھول پر سات مرتبہ پڑہکر آنکھون
مین لگاوے انشاء اللہ روشنی زیادہ ہوگی۔

۲۵ برائے درد دانت وگردن وگلو جس کسیکی دانت یا گردن یا گلے مین درد ہو
اُس کو چاہیے کہ چہل کاف شریف لکھکر اور تعویذ بنا کر باندہے
انشاء اللہ درد رفع ہوگا۔

۲۶ برائے دفع درد ہفت اندام جس کسی کی جوڑون مین درد ہو اُسکو چاہیے
کہ ہرن کی جھلی پر لکھکر اور تعویذ بنا کر بازو پر باندہے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

۲۷ برائے دفع بواسیر خونی وبادی پوست گرہ پر لکھ کر گلے مین باندہے
انشاء اللہ بواسیر خونی وبادی دونون جاتی رہین گی۔

۲۸ برائے تپ دق جس کسیکو مرض تپ دق ہو اُسکو چینی کے تشتری سفید رنگ پر
لکھکر سات دن تک ابر پانی سے دہو کر پلاوے انشاء اللہ تپ دق سے آرام ہوگا۔

٢٩ برائے درد شکم سات مرتبہ نمک پر چہل کاف شریف پڑھکر دم کرے اور درد شکم والے کو کھلاوے انشاءاللہ درد شکم جاتا رہے گا۔

٣٠ برائے مقہوری دشمن شب دوشنبہ کو پرانی قبر مین بیٹھکر ہم بار پڑھے دشمن تباہ ہوگا مگر خواہ مخواہ ذراسی ناراضی پر ایسا نہ کرے سخت درجہ کی لاچاری مین ایسا کرے ورنہ جہانتک ممکن ہو صبر کرے اور اللہ کی سپرد کرے۔

٣١ برائے مہربانی بادشاہ وقت چہل کاف شریف لکھہ کر پگڑی مین رکھے اور بادشاہ وقت کے روبرو جاوے انشاءاللہ مہربان ہوگا۔

٣٢ برائے رہائی قیدی گیہون کی روٹی پر لکھکر چہل کاف شریف قیدی کو کھلائے انشاءاللہ قید سے رہائی پاوے۔

٣٣ برائے شفائے مریض سیاہی شنگرف سے لکھکر مریض کو کھلاوے انشاءاللہ شفا پائے۔

٣٤ برائے فرزند نرینہ سیاہی سے لکھکر بعد حیض کے عورت کو کھلاوے اور صحبت کری انشاءاللہ حمل رہے گا اور اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

٣٥ برائے دفع احتلام ووسوسہ شیطان شب یکشنبہ کو دس مرتبہ ہمیشہ اس نیت سے پڑھا کرے کبھی احتلام ووسوسہ شیطان انشاءاللہ نہ ہوگا

٣٦ برائے دفع مرگی بکری کے خون سے پیپل کے پتہ پر لکھہ کر چالیس دن مرگی والے کو چٹاوے اور سات مرتبہ اسپر پڑھکر بلاناغہ دم کیا کرے انشاءاللہ مرض مرگی جاتا رہے گا۔

٣٧ برائے رتوندا چشم رتوندے والے کی آنکھہ پر سات دفعہ روزہ پڑھکر دم کرے انشاءاللہ رتوندا دفع ہوگا۔

برائے باد شکم سات مرتبہ پانی پر پڑھکر دم کرے اور باد شکم والے کو پلاوے ہر قسم کی بادی وغیرہ دفع ہوگی۔

اس دعا چہل کاف شریف کے سات بار ہمیشہ پڑھنے سے عزیز خلایق کا ہوگا۔

برائے فتح یابی مقدمات عدالت مین جاتے وقت چہل کاف شریف سات مرتبہ پڑھکر عدالت جانا چاہیئے اور وہان پہنچکر پھر سات بار پڑھنا چاہیئے اور پھر حاکم کے روبرو جاتے وقت سات بار پڑھکر اور اپنے اوپر دم کرکے سامنے جانا چاہیئے انشاءاللہ مقدمہ مین فتحیاب ہوگا۔

اس دعا کی پڑھنے اور اپنے پاس رکھنے والے کو صدہا طرح کا فائدہ ہے جو بیان مین نہین آسکتا ہر طرح سے انشاء اللہ تندرست رہے گا حفظ وامان مین باعزت دین و دنیا مین رہے گا مگر یہ سب فایدہ اُسی وقت پورے طور سے حاصل ہونگے جب اسکی ذکواۃ ادا کرلے گا۔ جو اول ایک چلہ کے ترکیب لکھی گئی ہے اُسکو حسب ہدایات پورا کرے اور پھر جس واسطے کرے انشاء اللہ تیر بہدف پائے گا۔ اس رسالہ مین چہل کاف شریف باموکل اور بغیر موکل دونون طرح لکھا جاتا ہے یہ پڑھنے والے کو اختیار ہے کہ باموکل پڑھے یا غیر موکل مگر باموکل پڑھنا بہت با اثر ہے صفحہ ۳۱ سے چہل کاف دیکھو۔

نماز صلوٰۃ التسبیح

حدیث شریف مین آیا ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے اپنے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو یہ نماز تلقین فرمائی
یہ نماز واسطے بخشش تمام گناہ صغیرہ وکبیرہ ظاہر و پوشیدہ کے
پڑہے کل چار رکعت ہین ہر رکعت مین بعد قراۃ کے پندرہ بار
سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ
اور رکوع مین دس بار بعد سبحان ربی العظیم اور قومہ مین دس بار
بعد تحمید یعنی سمع اللہ لمن حمدہ کے بعد اور سجدہ مین دس بار بعد
تسبیح سجدہ کے پڑہے یعنی بعد سبحان ربی الاعلیٰ کے سُبْحَانَ اللّٰہِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ تا آخر اور جلسہ مین دس بار اور دوسرے سجدہ مین دس بار
اور بعد دوسرے سجدہ کے بیٹھکر دس بار۔ پس ہر رکعت مین پچہتر
بار اور چارون رکعت مین تین سو بار ہوئے اور اس نماز کا وقت
مقرر یہ ہے کہ ہر روز بعد اشراق کے پڑہے اور اگر ہفتہ مین پڑہے
تو جمعہ کا دن بہتر ہے اور مہینے مین پڑہے تو جمعرات کا دن اور سال
بھر مین پڑہے تو عاشورہ کا دن اور اگر سال بھر مین بھی نہو سکے
تو عمر بھر مین ایک بار پڑہے اور بہتر ہے کہ چارون رکعت مین بعد
فاتحہ کے مسبحات سے چار سورہ پڑہے اور مسبحات مین سات
سورتین ہین سورہ بنی اسرائیل وحدید وحشر وصف وجمعہ وتغابن
وسبح اسم اور ایک کتاب مین لکہا ہے کہ چارون رکعت مین یہ
سورتین پڑہین یعنی اول رکعت مین بعد فاتحہ کے الہٰکم التکاثر اور
دوسری مین والعصر اور تیسری مین قل یاایہا الکفرون اور چوتھی مین
قل ہو اللہ احد پڑہے اور بعد سلام کے استغفار و درود شریف

پڑھکر جناب باری سے دعا چاہے مغفرت گناہونکے واسطے یہ نماز بہت بہتر ہے

نماز خضری

جیرت الفقہامین حضرت امام نجم الدینؒ سے منقول ہے کہ ہزار حاجت کی نماز مجکو حضرت خضر علیہ السلام نے سکہائی اور وہ دو رکعت ہین جب چاہے پڑہے اور جمعرات کو بہتر ہے پہلی رکعت مین سورہ کافرون دس بار اور دوسری رکعت مین قل ہو اللہ دس بار پڑہے اور بعد سلام کے سجدہ مین جاکر دس بار درود شریف اور دس بار یہ دعا پڑہے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور دس بار رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور دس بار یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنَا پڑہے پہر اپنی ہر ایک حاجت ملنگے جہانتک یاد ہون پہر کہے یارب میری ہزار حاجت دین اور دنیا کی روا کر انشاء اللہ تعالیٰ روا ہونگی۔

برائے فتحیابی مقدمہ

اگر کوئی شخص کسی مصیبت مین مبتلا ہو یا کوئی مقدمہ دائر ہو تو اس عمل کو تین روز تک کرین ترکیب یہ ہے کہ بعد ظہر تین آدمی یا سات آدمی مگر بعدد طاق ہون بارہ بارہ ہزار تین روز تک پڑہین اور بعد ختم شیرینی تقسیم کرین اور جو وظیفہ خواندہ ہون اونکو نقدی بھی ضرور دین اور جسقدر خیرات ہوسکے دریغ نکرین مجرب ہے وہ عمل بزرگوار یہ ہے۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ ط اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ

تمت

چہل کاف شریف باموکل یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۞ ابوسا سبرسا سبسبسا الخبرسا یا اللہ یا اللہ
اللہ قل اعوذ برب الشهیة من کل عقرب وحیة کفاک ربک کم
یکفیک واکفة بعض نسخوں میں یہ آیا ہے کفہ کافہا کفیلک بحق یا کنکا
ئیل کلمیین کان من کلکا بحق یا ھموائیل تکر کر کمرا لکر
بحق یا زورائیل فی کبد تحکی مشتکشکة بحق یا روطائیل
ملکلک لکا بحق یا دردائیل کفاک الکاف کربته
کوکبا کان بحق یا لوطائیل الحکی کوکب الفلک بحق یا اھوا
ل بحق یا اھوا کیل بحق شیخ عبد القادر جیلانی محبوب
سبحانی شیئاً للہ یا حکیم یا کریم یا حافظ یا رقیب یا وکیل
نق کہیعص بحق حمعسق حصار کریم ۔ بحق لا الٰہ الا اللہ محمد
رسول اللہ برحمتک یا ارحم الراحمین ۔ یا بدیع
عجائب بالخیر شیخ صلاح الدین سقید فیل سوار برہنا تیغ

چہل کاف شریف بغیر موکل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کاک ربک کم یکفیک واکفة کفکا کہا کلمیناکان من کلک
کر کر الکر فی کبدی تحکی مشتکشکة ھل لک الملکا کفاک
کہاک الکاف کربته یا کوکبا کان تحکی کب الفلکا ۔

ں کاف شریف کا تعویذ بنا کر باندھنا بغیر موکل پڑھنا ہے فواید دینی و دنیاوی سے خالی
ن ہے ہمیشہ پڑھنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے غرض جسطرح سے ممکن ہو اس اسم
یک سے فائدہ حاصل کریں فقط

تمت

فہرست کتب اعمال دکان شیخ غلام نظام الدین بازار دریبہ کلان دہلی

مفید الکونین

درحصول مقاصد دارین یہ کتاب اعمال مین نہایت عمدہ ہے اس مین اعمال حب وتسخیر عامہ و دست غیب وکشایش رزق و ترقی عز وجاہ و ترکیب توشہ اصحاب کہف ترکیب صلوۃ الحضر وصلوۃ العاشقین و صلوۃ العارفین ماسوا اسکے اور بہت نمازین و اعمال مع اسناد خواص وغیرہ درج مین غرض نہایت عمدہ کتاب ہے قیمت ۱۲/

مجموعہ اعمال سورہ مزمل شریف

باموکل معہ طریقہ زکوۃ وغیرہ جس مین علاوہ سورہ مزمل شریف کے سورہ واقعہ شریف کے بڑے بڑے مجرب عمل درج مین قیمت ۶/

مجموعہ اعمال مجربہ تتمہ سورہ یٰسین شریف

باموکل معہ طریقہ زکوۃ وغیرہ جسمین محبت عداوت ترقی عزوجاہ کشایش رزق دست غیب فتحیابی مقدمہ علامہ وغیرہ کے ایکسو سے زیادہ عمل ہین قیمت ۸/

مجموعہ اعمال مجربہ قل اللہ شریف

باموکل معہ طریقہ زکوۃ اعمال ہر قسم مجربہ اللہ الصمد معہ طریقہ زکوۃ ہر قسم کام کے واسطے و ترکیب صلوۃ التسبیح و نماز خضری و اعمال چہل کاف شریف باموکل معہ طریقہ زکوۃ وغیرہ ہر کام کے واسطے از حضرت محبوب سبحانی شیخ محی الدین جیلانی قدس سرہ العزیز درج مین ـ قیمت ۲/

تسخیر مہر دتہر یعنی اعمال حزب البحر

جس مین تسخیر حکام ـ تسخیر محبوب ـ تسخیر خلایق فتح المخانہ ـ ہلاکی اعدا ـ ادائیگی قرض حصول اولاد ـ صحت جسم ـ رہائی اسیر ترقی رزق ـ افزونی عزت و جاہ کمال معرفت حق حاصل ہونے کے سچے اعمال اور حضرت مولانا شاہ سلیمان صاحب چشتی قادری پھلواری اور حضرت سید شاہ بدرالدین صاحب سجادہ نشین پھلواری شریف بتلائے ہوئے بزرگان دین کے مجرب اعمال ہین ـ نیز ہندوستان مصر بیت المقدس شام مراکو وغیرہ کے نہایت دلچسپ حالات درج ہین یہ سیدی و مولائی حسن خواجہ حسن نظامی خانزادہ حضرت سلطان المشایخ خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی نے مشاہدات سفر بلاد اسلامیہ و ہندوستان مشایخ بافیض کے نام سے ترتیب دیکر سینہ بسینہ اسرار کو طشت از بام کر دیا ہے ـ قیمت ۱۰/

ملنے کا پتہ ـ شیخ غلام نظام الدین کتب فروش دریبہ کلان دہلی